© rasailojaraid.com

ہمارے نزدیک یہ ایک نہایت ہی عمدہ اور مستند کتاب ہے۔ اس کے مطالعہ کی ہم پُرزور سفارش کرتے ہیں۔

**سیرت عثمانؓ** تالیف: مولانا خالد گرجاکھی۔ شائع کردہ: مکتبۂ نور۔ گرجاکھ۔ ضلع گوجرانوالہ۔

مولانا خالد صاحب نے یہ کتاب لکھ کر وقت کی ایک اہم ضرورت کو پُورا کیا ہے۔ اُردو میں حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ، اور حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کے بارے میں تو کافی معلومات مل جاتی ہیں لیکن خلیفۂ راشد حضرت عثمان ذوالنورین کی حیاتِ طیّبہ کے بہت سے گوشے اردو داں طبقہ کی آنکھوں سے ابھی تک مستور تھے۔ مولانا خالد صاحب نے ان سے نقاب کشائی کی ہے۔

---

## تفہیم القرآن جلد سوم

### سورۃ الکہف تا سورۃ الرُّوم

تکمیل کے آخری مراحل میں ہے۔ امید ہے کہ اگست ۶۲ء میں فرمائشوں کی تعمیل اسی ترتیب سے شروع ہوگی جس ترتیب سے ہمارے ہاں فرمائشیں درج ہیں۔ اگر آپ نے ابھی تک اپنی فرمائش نہیں بھیجی تو آج ہی فرمائش درج کرادیں ورنہ ممکن ہے کہ آپ کو دوسرے ایڈیشن تک انتظار کرنا پڑے۔

جن حضرات کی فرمائشیں ہمارے ہاں پہلے سے درج ہیں وہ آخر جولائی میں تجدید فرمائش کے ہمراہ -/5 روپے پیشگی بذریعہ منی آرڈر ارسال فرماویں بقیہ کا وی۔ پی کردیا جائے گا۔

جلد سوم کی ضخامت پہلی دونوں جلدوں سے زیادہ ہے۔ اس میں جغرافیائی نقشہ جات کے علاوہ ارض القرآن کی متعدد عکسی تصاویر بھی شامل ہیں۔ ہدیہ کا اعلان عنقریب کردیا جائے گا۔ اس کے علاوہ:

جلد اوّل سورۂ فاتحہ سے سورۃ الانعام قسم عام ۱۶/۲۵ قسم اوّل ۲۱/۲۵

جلد دوم سورہ الاعراف سے سورۃ بنی اسرائیل ۱۸/۲۵ قسم اوّل ۲۲/۷۵

سٹاک میں موجود ہیں۔ فرمائش اس پتہ پر تحریر فرمادیں۔ مکتبہ تعمیر انسانیت موچی دروازہ لاہور

© rasailojaraid.com